PR NO34

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم 11 جولائی کو مظفر آباد آزاد کشمیر میں نادرا، پاسپورٹ آفس،
بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام اور جی پی او کا دورہ کرے گی
معائنہ ٹیم 12 جولائی کو آزاد کشمیر محتسب آفس میں کھلی کچہری کے دوران شکایات سنے گی

اسلام آباد (   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے آزاد کشمیر کے وفاقی اداروں کے خلاف کثیر تعداد میں شکایات پر از خود نوٹس لیتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل محمد اشفاق احمد کی سربراہی میں ایک معائنہ ٹیم تشکیل دی ہے جو گیارہ جولائی (جمعرات) کو 10 بجے نادرا آفس، ساڑھے گیارہ بجے پاسپورٹ آفس، ایک بجے بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام اور اڑھائی بجے جی پی او مظفر آباد کا دورہ کرے گی اور موقع پر موجود افراد کی شکایات سن کر متعلقہ انتظامیہ کو ہدایات جاری کرے گی۔ ڈائریکٹر جنرل محمد اشفاق احمد اور کنسلٹنٹ خالد سیال پر مشتمل معائنہ ٹیم اگلے روز 12 جولائی (جمعہ) کو آزاد جموں و کشمیر محتسب کے دفتر میں دس بجے کھلی کچہری کے دوران وفاقی سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایات سنے گی۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

08 جولائی 2024ء